| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حرف 'ا سے لے کر 'ء' تک کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا میں حرف 'ء' ہوں۔ میں 'ع' کی چھوٹی شکل جیسا ہوں۔ دیگر حروف سے ملنے سے میری شکل میں کوئی فرق نہیں پڑتا اس لیے میری کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ میں لفظ کی درست ادائیگی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ 'ء' حروف تہجی کا سینتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ء' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا یہ الفاظ کے اوپر اُن کی درست ادائیگی کے لیے آتا ہے۔ بچوں کو 'ء' کے ذخیرہ الفاظ سوئی، بڑھائی اور چائے فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور حرف ء لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ء' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 78 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ء' پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے الفاظ بتائے جائیں گے جن میں 'ء' استعمال ہوتا ہے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 79 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام بتائے جائیں گے۔ حرف 'ء' کو ان الفاظ سے ملانے کو کہا جائے گا جن میں اُس کا استعمال ہوا ہے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 78,79<br>ورک شیٹ، رنگین کاغذ، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ء' کا نام اور اس کی اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ء' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ء' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ء' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ء' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ء' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور مختلف اشیاء کے ناموں میں نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ء' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو سوئی دکھائی جائے گی اور اس کا نام بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا جب ہمارے کپڑے پھٹ جاتے ہیں یا بٹن ٹوٹ جاتا ہے سوئی سے ہم کپڑے سیتے یا بٹن لگا دیتے ہیں ۔ بچوں کو انجیکشن کی سوئی دکھائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے۔ ان سے پوچھا جائے گا کہ جب ٹیکہ لگتا ہے اور سوئی اندر جاتی تو درد ہوتا ہے؟ سوئی کا لفظ تختہ سفید سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کہ اُن کو 'ء' کہاں نظر آ رہا ہے۔ بچوں کو مزید الفاظ بتائے جائیں گے جس میں 'ء' کا استعمال ہوتا ہے (ٹائی، کلائی، آئس کریم)۔ بچوں سے ہوا یا جلد میں حرف 'ء' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو تصاویر کے ساتھ لکھے ہوئے الفاظ کے فلیش کارڈ دیجیے جس میں الفاظ واضح اور بڑے لکھے ہوں جیسے ٹائی، روئی، آئس کریم وغیرہ بچوں سے کہیے کہ ان تصاویر کو دیکھ کر نام بتایئے اور 'ء' جہاں نظر آ رہا ہے وہاں دائرہ لگائیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 81 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ء' کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے ہوا میں 'ء' لکھنے کی مشق تین سے چار بار کروایئے۔<br>گھر کا کام: کتاب صفحہ 80 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 81 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ء' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ اور 'ا سے لے کر 'ے' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ی' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہو گی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ی' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ی' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور حرف 'ی' کی آدھی شکل یہ Puppet Stick card کے ذریعے دکھائی جائے گی۔ میں حروف تہجی کا اڑتیسواں حرف ہوں۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ی' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ی' کے ذخیرہ الفاظ یخنی، کھلاڑی اور پانی کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ی' کے ذخیرہ الفاظ کم ہیں۔ تختہ سفید سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی اور بچوں کو حرف 'ی' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ی' کی پوری شکل پر نقطہ نہیں ہوتا لیکن آدھی شکل کے نیچے دو نقطے ہوتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 82 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ی' پر انگلی پھیرنے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو تصاویر کے ذریعے 'ی' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 83 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ی' سے کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ یہ الفاظ کے درمیان اور آخر میں بھی آتی ہے۔ 'ی' کو اس کے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے حرف 'ی' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br><br><br><br><br><br>کتاب صفحہ نمبر<br>82,83 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ی' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ی' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے 'ی' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ی' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ی' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ی' پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز بتائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈز<br>اشیاء فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ی' کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے کہ آج ہم 'ی' سے یاقوت کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ ایک پتھر ہے یہ سُرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ اور یہ زیورات جیسا کہ انگوٹھی، ہار اور چوڑیوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ ایک قیمتی پتھر ہے۔ بچوں کو کہیے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ی' بنایئے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر حرف 'ی' لکھیں ایک نرم گیند لے کر اُس کو کسی بھی بچے کی طرف پھینکیں اور اُس کو کہیں کہ حرف 'ی' سے شروع ہونے والا کوئی کوئی لفظ بتائے۔ یہ سرگرمی باری باری تمام بچوں کے ساتھ دہرایئے۔ کتاب صفحہ 84 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ی' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 25 منٹ | گیند<br>کتاب صفحہ 84 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ی' کی پوری اور آدھی شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ء،ی‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف ’ی‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست بناوٹ ساخت سے ’ی‘ لکھ سکیں۔<br>حرف ’ی‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف ’ی‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’ء اور ی‘ کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف ’ء اور ی‘ کی پہچان، آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف ء، ی کی دہرائی کریں گے بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ء‘ کی کوئی چھوٹی شکل نہیں ہوتی۔<br>Sand Tray دے کر حرف ’ء اور ی‘ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کتاب صفحہ 85 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ء‘ اور اس کی آدھی شکل کی لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30منٹ | Sand Tray | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ی‘ کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2منٹ | کاپی ورک | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ی‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ کاپی پر ’ء‘ کی شکل لکھیں۔ | | | |